سوال

(296) جادو کا علاج

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے ایک اخبار میں جادو کا علاج پڑھا تھا آپ یہ بھی بتا دیں کہ کیا یہ صحیح ہے ؟

121"مرتبہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اس طرح پڑھیں کہ دونوں سورتیں پڑھ کر ایک دانہ شمار کریں اول آخر گیارہ مرتبہ دورد شریف پڑھیں اور جسم اور پانی پر پھونک مار کر دن رات میں پانچ مرتبہ پئیں یہ عمل کم از کم چالیس دن کریں ۔ "

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

معوذتین " کا ورد اور وظیفہ کرنا واقعی شیطانی خرافات کا علاج ہے لیکن قراءت میں یہ گنتی مقرر کرنا شرع میں ثابت نہیں بلا تعین ورد جاری رکھیں ہر قسم کی مشکلات سے نجات حا صل ہو گی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ رات کو سوتے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم بستر پر بیٹھ کر اور دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان میں " معوذات "کی تلاوت کر کے بقدر استطاعت سارے جسم پر ہاتھ پھیرتے اور یہ عمل تین دفعہ کرتے ۔ (1)

اس مقام پر چونکہ گنتی ثابت ہے لہذا عمل اس پر ہو گا اور جہاں ثابت نہیں اپنی طرف سے مقرر نہیں کرنی چاہیے نیز ان سورتوں کو پڑھ کر پانی کے بجائے اپنے جسم پر پھونک ماریں جس طرح کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک تھی ۔ (2)

1 ۔ صحیح البخاری کتاب فضائل القرآن باب فضل المعوذات (5017)

2 ۔ ایضا

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص586

محدث فتویٰ